## سوال

(224) کھانے کو چکھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا روزہ کی حالت میں کھانا پکانے والے کے لیے اسے چکھنا جائز ہے تاکہ وہ یہ معلوم کرسکے کہ کھانا پک گیا ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بوقت ضرورت کھانا چکھنے میں کوئی حرج نہیں اور وہ اس طرح کہ زبان کے کنارے کے ساتھ کھانے کی شیرینی اور نمکینی وغیرہ کو چکھ لیا جائے لیکن اسے نگلا نہ جائے بلکہ فورا منہ سے نکال دیا جائے۔ ان شاء اللہ اس سے روزہ فاسد نہیں ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

**کتاب الصیام: ج2 صفحہ181**